National Library
Bibliothèque Nationale

May 7, JUIL JULY 8 1985

نہ لاؤ کبھی یاس کی گفتگو کہ قرآں میں آیا ہے لاتقنطوا ۔

پندرہ روزہ

پیغامبر

اسکاربرو (کینیڈا)

مدیر : سہیل اختر

THE
MESSENGER
FORTNIGHTLY NEWSPAPER

PERSONNEL
Phone: 416-282-6871.

100 CARONIA SQUARE, SCARBOROUGH, ONTARIO, CANADA M1B 2Z8

REPRESENTATIVE
F. J. Kowalski,
Phone: 416-922-6258.

سزائے موت دینے سے قبل مجرموں کے جسموں سے تمام لہو نکال لیا جائے خمینی کا فتویٰ

اسلامی جمہوریہ ایران کے اٹارنی جنرل نے فتویٰ پر عملدرآمد کے لئے فرمان جاری کر دیا

سزائے موت پر عملدرآمد خون نکالنے کے بعد ہوگا۔ (ریڈیو جدہ)

انسانی حقوق کی عالمی تنظیم نے ایران کی خفیہ دستاویز کا انکشاف کر دیا

جدہ ——— اسلامی جمہوریہ ایران کے اٹارنی جنرل نے ایک فرمان جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت کی مخالف تنظیموں کے جن اراکین کو سزائے موت سنائی جائے ان کے جسموں سے پہلے سارا خون نکال لیا جائے اور بعد میں سزائے موت پر عمل درآمد کیا جائے۔ ریڈیو جدہ کی اطلاع کے مطابق اس فرمان کی نقول اٹارنی جنرل کے دفتر سے متعلقہ تمام صوبائی عدالتوں کو بھیج دی گئی ہیں۔ ریڈیو نے بتایا ہے کہ ایران میں اس خفیہ دستاویز کا انکشاف ...

... انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ... فرمان کے بارے میں ایران کے روحانی پیشوا آیت اللہ خمینی ... ایک فتویٰ جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ سزائے موت پانے والے مجرموں کے جسموں سے سزائے موت سے قبل خون نکال لیا جانا چاہئے۔ ریڈیو جدہ کے مطابق ان مجرموں کے جسموں سے حاصل ہونے والا خون آیت اللہ خمینی کے باڈی گارڈز کو ضرورت کے وقت دیا جا سکے گا نیز ان سپاہیوں کے لیے بھی فراہم کیا جائے گا جو عراق کے ساتھ جنگ میں زخمی ہوں اور انہیں خون کی ضرورت ہو۔

مارشل لا مسائل کا حل نہیں۔ بیگم اصغر خان

راولپنڈی ——— کالعدم تحریک استقلال کے سربراہ ریٹائرڈ ائیر مارشل اصغر خان کی اہلیہ بیگم آمنہ نے کہا ہے کہ تحریک استقلال نے ہمیشہ جمہوریت کی بحالی کے لئے جدوجہد کی ہے اور اب مارشل لا ... بیگم اصغر خان کالعدم تحریک استقلال خواتین کے ایک اجتماع سے خطاب کر رہی تھیں جو سیالکوٹ ... انہوں نے کہا کہ مارشل لا ملکی مسائل کا حل نہیں ہے صرف منتخب حکومت ہی ان مسائل کو حل کر سکتی ہے۔

کوئی طاقت سیاستدانوں کو جلسہ کرنے سے نہیں روک سکتی۔ منیر شاہ

بحالی جمہوریت کے لئے ائیر مارشل اصغر خان سے سکھ آکر جدوجہد کریں تو ہم ان سے بھی بھرپور تعاون کریں گے

سکھر ——— کالعدم تحریک استقلال کے قائم مقام صدر سید منیر شاہ نے کہا ہے کہ صدر ضیاء الحق نے سکھر اور حیدرآباد سے سیاسی جلسوں کا باقاعدہ آغاز کر لیا ہے اور اب سیاستدان بھی سیاسی جلسے کریں گے۔ اور کوئی طاقت سیاستدانوں کو جلسہ کرنے سے نہیں روک سکتی ...

... سید منیر شاہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ... بحالی جمہوریت کے لئے سکھ آگر کوئی جدوجہد کریں تو ہم ان سے بھی بھرپور تعاون کریں گے۔

بیٹا، ماں کی کار سے کچلا گیا

لندن ——— ایک خاتون ...

انھیں اپنے گھر میں مزار بنانے کی "بشارت" ہوئی تھی

پولیس نے کھنڈ گوٹھ نارتھ ناظم آباد سے ایک عورت سمیت پانچ افراد کو گرفتار کر لیا

کراچی ——— نارتھ ناظم آباد میں بزرگوں کی "بشارت" پر اپنے گھر میں قبریں کھودنے والی عورت اور پانچ مردوں کو نقص امن کے خدشے کے تحت گرفتار کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کھنڈ گوٹھ نارتھ ناظم آباد بلاک بی میں مسجد الفتح کے قریب مکان نمبر ایل ۱۵۱ میں رہنے والی عورت مہرالنساء اور اس کے گھر کے پانچ مردوں نے ——— یہ دعویٰ کیا کہ انھیں ۱۹ اپریل کی رات کو چند بزرگوں نے بشارت دی ہے کہ وہ ان کے گھر میں قیام پذیر ہیں ... اس دعویٰ کے ساتھ مہرالنساء اور اس کے گھر کے پانچ مردوں نے مبینہ طور پر ... اپنے گھر کے اندر قبریں کھودنا شروع کر دیں۔ ان لوگوں نے بشارت دینے والے بزرگوں کے نام بابا جلال الدین جیلانی اور بابا ... جب علاقہ کے لوگوں تک یہ بات پہنچی تو ان لوگوں نے مہرالنساء اور اس کے گھر کے افراد کو سمجھایا کہ اس طرح قبریں کھودنا اسلام اور قانون کی رو سے جائز نہیں ہے تو مہرالنساء اور اس کے گھر والوں نے مبینہ طور پر یہ دھمکی دی کہ اگر انھیں ایسا کرنے سے منع کیا گیا تو وہ خودکشی کر کے بابا سے جا ملیں گے اور بابا اس علاقے کو تباہ کر دیں گے۔ چنانچہ علاقے کے لوگوں نے نارتھ ناظم آباد پولیس کو اس کی اطلاع دی۔ انچارج تھانہ انسپکٹر اختر صدیقی نے ان لوگوں کو سمجھانے کے باوجود نہ ماننے پر دفعہ ۱۵۱ کے تحت گرفتار کر لیا۔ ان میں مہرالنساء، اکبر علی، مختار، نواز علی، علی محمد اور علی خان شامل ہیں۔

بنگلہ دیش سے نوجوان لڑکیوں کی اسمگلنگ بڑے پیمانے پر جاری ہے

عالم اور عبدالقادر بردہ فروشوں کے سرغنہ ہیں۔ اعلیٰ حکام کو رپورٹ پیش کر دی گئی

کراچی ——— بنگلہ دیشی لڑکیوں کو غیر قانونی طور پر پاکستان لا کر فروخت کرنے کا کاروبار بڑے پیمانے پر جاری ہے اس وقت بنگلہ دیش سے سمگل شدہ لڑکیوں کی کافی بڑی تعداد کراچی کی مختلف علاقوں میں موجود ہے یہ بات ... کی جانب سے اعلیٰ حکام کو پیش کی جانے والی ایک رپورٹ میں بتائی گئی ہے ...

رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیش سے اسمگل شدہ لڑکیاں کراچی کے جن علاقوں میں رکھی جاتی ہیں ان میں ابراہیم حیدری، اورنگی ٹاؤن، کورنگی، ... گلشن اقبال ... اور ... شامل ہیں ...

... گزشتہ ماہ پولیس نے ... بنگلہ دیش سے اسمگل شدہ ... لڑکیوں کو بازیاب کرایا تھا ...

ظہور الٰہی میموریل کبڈی ٹورنامنٹ ۲ مئی کو شروع ہوگا

راولپنڈی ——— چوہدری ظہور الٰہی میموریل انٹرنیشنل گولڈ کپ کبڈی ٹورنامنٹ ۲ مئی سے ۹ مئی تک لاہور میں منعقد ہوگا جس میں پاکستان کی صوبائی واپڈا، ریلویز، پولیس کے علاوہ بھارت کی کبڈی ٹیم بھی حصہ لے گی۔ اس بات کا انکشاف پاکستان کبڈی فیڈریشن کے اعزازی سیکرٹری ... نے کیا ... بھارتی کبڈی ٹیم چوہدری ظہور الٰہی کبڈی ٹورنامنٹ میں شرکت کے علاوہ ... پاکستان کی کبڈی ٹیم سے ... میچ کھیلے گی ...

مولانا ضیاء الرحمٰن کو ٹھٹھہ، سانگھڑ اور ... میں داخلے پر پابندی

سانگھڑ ——— ... سانگھڑ ضلع میں مولانا ضیاء الرحمٰن ... کے داخلہ پر پابندی عائد کر دی ہے۔

اقتدار عطیہ خداوندی ہے۔ صدر ضیاء

حیدرآباد ——— صدر جنرل محمد ضیاء الحق ... ایک استقبالیہ میں ... وزیر اعظم محمد خان جونیجو نے اپنی قیام گاہ پر دیا تھا ...

... ہمارے ساتھ تعاون کر رہے ہیں اور اسلامی نظام کے نفاذ میں مدد کر رہے ہیں۔

راولپنڈی میں فحاشی پھیلانے میں ملوث ایک سو خواتین گرفتار

شرعی عدالتوں کے فیصلوں کے مطابق انہیں کوڑے مارے جائیں گے

راولپنڈی۔ گزشتہ دنوں یہاں تقریباً ایک سو خواتین کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ان پر اسلامی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا وہ جسم فروشی کے کاروبار میں ملوث تھیں۔ گرفتار ہونے والی عورتیں ... اس کے بعد یہ سلسلہ بند کرنا پڑا، ایک دوسری عورت سکینہ سے پانچ کوڑے لگائے گئے۔ یہ کوڑے ... ان خواتین کی جیل کے اندر مارے گئے کیونکہ خواتین کو سرعام کوڑے مارنا سرکاری آداب کے منافی ہے ...

... کرتوں پر چھاپے مار کر ایک سو خواتین گرفتار کر لی گئیں۔ اسلامی عدالت کے فیصلے کے مطابق انہیں کوڑے مارنے کی سزا دی جائے گی۔ گزشتہ دنوں ملتان میں دو خواتین کو کوڑے مارے گئے ہیں وہ جنسی بے راہ روی میں ملوث پائی گئی تھیں ایک عورت عزیزاں کو تیس کوڑے مارے جانے تھے لیکن ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق صرف دس کوڑے مارنے ...

... داخلی عدالت میں پیش کر دیا یاد رہے کہ چند دن قبل مارشل لا حکام کی خصوصی ٹیم نے سٹی پولیس اور مجسٹریٹوں کے ہمراہ چھاپہ مار کر قصائی گلی میں قحبہ خانے ... ملوث ... بدکار عورتوں اور چالیس مردوں کو گرفتار کر لیا تھا۔ ان کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۹۴ ... کے تحت مقدمہ قائم کیا گیا تھا ...

میرا سخت ترین مقابلہ میری پہلی بیوی سے ہوا۔ محمد علی



طالبہ کی لاش کھا جانے والا شخص بری ہو گیا

پیرس ——— اپنی ساتھی طالبہ کو قتل کرنے کے بعد اس کی لاش کھانے والے ایک جاپانی طالب علم کو پیرس کی ایک عدالت نے بے گناہ قرار دے کر بری کر دیا۔ ایسی ساگاوا کو جون ۱۹۸۱ء میں اس وقت گرفتار کیا گیا تھا جب ایک پارک میں دو بڑے سوٹ کیس ملے جن میں ساگاوا کی ساتھی ۲۵ سالہ ولندیزی طالبہ ... کی لاش کے ٹکڑے ...

... بیرون سے محبت ...

... بجلی ...

لاہور ——— لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال نے ...

ایف ۱۶ گراؤنڈ کر دیئے گئے

واشنگٹن ——— امریکی فضائیہ ...

...

واشنگٹن ——— ...

Ontario

Hon. William Davis, Q.C.
Premier
Hon. Robert Welch, Q.C.
Minister of Energy

Hon. James Snow
Minister of
Transportation and
Communication

Energy
Ontario

FILL'ER UP WITH PEOPLE.

کار میں مشترکہ طور پر مل بیٹھے، وین میں بیٹھے۔ عوامی سواری میں

جس ایندھن کی آج بچت ہوگی اسے ہم سب کل استعمال کر سکتے ہیں۔

Further information on all aspects of conservation is available from the Ministry of Energy,
62 Wellesley St. West, Toronto, Ontario, M7A 2B7.

[illegible]

سچی باتیں

[illegible]

موقوں پیشتر سرزمین شام پر دریائے اردن کے کنارے، اہل حق و اہل باطل کے درمیان معرکہ پیش ہوا۔ اہل حق حسب دستور مظلوم و اہل باطل حسب معمول ظالم، اپنی قلت تعداد اور بے سروسامانی اور غنیم کی کثرت افواج اور ساز و سامان دیکھ، مظلوم گھبرا اٹھے اور دل کی گھبراہٹ کی حد زبان پر یہ فقرہ لا دیا۔

لا طاقۃ لنا الیوم بجالوت وجنودہ — آج ہم میں اتنی سکت کہاں کہ جالوت اور اس کے لشکر جرار سے مقابلہ کریں۔

سردار نے کہا دیکھو ہمت نہ ہارنا، یہی وقت امتحان کا ہے۔ صبر و ضبط، ثبات و استقامت کی آزمائش کی یہی گھڑی ہے۔ پیاس کی شدت میں، ہر قدم ایک کٹھن ... دیکھ سب اسی رنج ... پڑا، اور گھونٹ بھر پانی پیئے، ہاں ایک آدھ چلو پی لینے میں بقدر ضرورت شدید مضائقہ نہیں — حکم یہ تھا حکم کی تعمیل کرنے والے بس چند ہی ہمت والے جوان نکلے اور ... کو ہی ...

قصہ قرآن ... حالات حاضرہ کی ہو بہو تصویر ہے۔ ملت اسلامیہ کے سامنے آج بھی ... جالوت ... اپنے بے گنتی لشکر اور ... [illegible]

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محض اعلانات کافی نہیں

صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے سکھر میں ایک جلسہ عام میں خطاب کرتے ہوئے سیاستدانوں اور عوام میں پھیلی ہوئی تشویش کو یہ کہہ کر دور کر دیا ہے کہ ۱۹۷۳ء کا آئین عوامی نمائندوں نے بڑی جدوجہد کے بعد بنایا تھا۔ اس کا ڈھانچہ تبدیل نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ ... اور نظریات کو اس آئین میں ... کر دیا جائے گا۔ صدر نے یقین دلایا ہے ... حکومت میں عوام کی شرکت کے طریقے وضع کئے جا رہے ہیں۔ ... عوام اور بیشتر سیاسی پارٹیاں اس اعلان پر اطمینان کا اظہار کر رہی ہیں کہ حکومت ۱۹۷۳ء کے دستوری ڈھانچے میں بنیادی تبدیلی کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی۔

پاکستان کافی عرصہ تک سرزمین بے آئین رہا ہے۔ بالآخر ۱۹۷۳ء میں ایسا آئین وضع اور منظور کیا گیا جس پر ملک کی تمام سیاسی پارٹیوں کا اتفاق تھا۔ اور اس کی تیاری میں تمام صوبوں کے نمائندوں نے حصہ لیا تھا۔ ہمارے لئے یہی مناسب ہے کہ ہم اس متفقہ آئین پر اعتماد کریں اور کوئی بنیادی یا انقلابی تبدیلی نہ سوچیں۔ اگر ۱۹۷۳ء کے آئین پر زور نہ دیا گیا تو متعدد پیچیدہ آئینی مسائل سر اٹھا سکتے ہیں جب کہ موجودہ حکومت، سیاستدان، عوام اور ملک کے حالات اس بات کے متحمل نہیں۔

ان حالات میں یہ ضروری ہے کہ حکومت ۱۴ اگست ۸۳ء کو جس مجوزہ سیاسی ڈھانچے کا اعلان کرنے والی ہے وہ ۱۹۷۳ء کے آئین سے مطابقت رکھتا ہو جس کے مطابق عام انتخابات کے ذریعے عوام کے نمائندوں کو حکومت میں شامل کیا جائے کیونکہ جمہوریت کی بحالی کے لئے انتخابات سے فرار اور گریز ممکن نہیں۔ انتخابات میں تاخیر سے مسائل اور الجھنیں پیدا ہوں گی۔ اس لئے اگر صدر مملکت جلد عام انتخابات کرانے کا اعلان کر دیں تو یقیناً صورت حال کا خاتمہ ہو جائے گا۔ جو ملک اور قوم کے بہترین مفاد میں ہے۔

جہاں تک اسلامی نظام کے نفاذ کے چرچے کا تعلق ہے اگر حکومت اس سلسلے پر واقعی سنجیدہ ہے تو ملک کو فلاحی مملکت بنانے پر توجہ دینی چاہئے کیونکہ عوام کی بے پایاں مشکلات کا واحد حل یہی ہے۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ تو ہر مسلمان بقدر توفیق ادا کر لیتا ہے۔ مگر اسلام صرف انہی عبادات کے مجموعے کا نام نہیں۔ بلکہ اسلام میں حقوق العباد پر بہت زور دیا ہے۔ اسلامی نظام کے نفاذ کا اعلان تو آئے دن ہوتا رہتا ہے مگر کسی شعبہ حیات میں اسلام نظر نہیں آتا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی زندگیوں میں اسلام کو عملی طور پر داخل کریں ... ورنہ محض اعلانات سے تو مسائل کم نہیں ... کے۔



ذہن کی آزمائش ہے

۱۔ قوم سبا کے حکمرانوں کا دارالحکومت کونسا شہر تھا؟
۲۔ نیند کے دوران آدمی کی نبض کس رفتار سے چلتی ہے؟
۳۔ بتایئے کس شخص نے عیسیٰ ابن اللہ کا نظریہ اختراع کیا تھا؟
۴۔ مدگنگ جارج ششم مشہور آبشار ہے بتایئے کس ملک میں ہے؟
۵۔ "رنگ مجھے بابائے اردو کہتے ہیں حالانکہ اردو کی خدمت تم نے مجھ سے زیادہ کی ہے اور تم اس کے مستحق ہو کہ تمہیں بابائے اردو کہا جائے" بتایئے بابائے اردو نے یہ الفاظ کس سے کہے تھے؟
۶۔ دولت بنی امیہ اور دولت بنی عباسیہ کے پرستش ثانی کن خلفاء کو کہا جاتا ہے؟
۷۔ بتایئے پاکستان کے کن شہروں سے اولمپک مشعل گذر چکی ہے؟
۸۔ امریکہ کے کس صدر کا فلمی نام بیل کہلاتا تھا؟
۹۔ پاکستان کا پہلا اسپورٹس کمپلیکس کب اور کہاں قائم ہوا؟
۱۰۔ بہمنی سلطنت کے مشہور وزیر کا نام بتایئے جو تین بادشاہوں کے زمانے میں دس سال تک کمال سیاست و وفاداری سے اپنے فرائض ادا کرتا رہا مگر دشمنوں نے جھوٹے الزامات کی بنا پر ۱۴۸۱ء میں اس کو قتل کرادیا تھا؟
۱۱۔ دنیا کے سب سے بڑے دریائی جزیرے کا نام بتایئے؟
۱۲۔ اب تک جتنے عناصر دریافت ہو چکے ہیں ان میں سے کتنے عناصر کے نام تبدیل کئے جا چکے ہیں؟
۱۳۔ کس ملک کے سربراہ مملکت پاکستان کے دورے پر آئے؟
۱۴۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر حضرت عثمانؓ سے قبل آنحضرتؐ نے کس صحابی کو قریش سے بات چیت کے لئے بھیجا تھا؟
۱۵۔ بتایئے مسولینی نے خودکشی کی تھی یا قتل ہوا تھا؟
۱۶۔ کس ملک میں ایک زلزلے پر وہاں کے لوگوں کا اتفاق نہیں ہے؟
۱۷۔ اردو کے مشہور شاعر اور ادیب کا نام بتایئے جس کو برٹش گورنمنٹ نے جاسوسی کی غرض سے وسط ایشیا کے ملکوں میں بھیجا تھا؟
۱۸۔ بتایئے کس عباسی خلیفہ نے صرف گیارہ ماہ خلافت کی؟
۱۹۔ مندرجہ ذیل ملکوں میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟ (۱) افغانستان (۲) آسٹریا (۳) بلجیم (۴) سری لنکا (۵) سرالیون۔
۲۰۔ یورپ کا سب سے قدیم ملک کس کو کہا جاتا ہے؟

جوابات

(۱) مارب (شہری یمن) (۲) ۵۵ فی منٹ (۳) ساؤل نامی یہودی جو سینٹ پال کے نام سے مشہور ہے (۴) گیانا میں۔ یہ دنیا کی بلند ترین بڑی آبشار ہے (۵) اختر انصاری اکبرآبادی سے (۶) عبدالملک مروان اور ابوجعفر المنصور (۷) لاہور اور ڈھاکہ سے ۱۹۶۴ء میں ٹوکیو لے جاتے وقت (۸) امریکہ کا اسٹوکریٹ جان ایڈمس (۹) کراچی میں ۱۹ جنوری ۱۹۶۴ء کو افتتاح ہوا۔ (۱۰) محمود گاواں (۱۱) دہلی کے قریب دریائے جمنا میں۔ (۱۲) دو کے نیوبیم جس کا ابتدائی نام کولمبیم تھا اور ٹنگسٹن جو پہلے ولفرام کہلاتا تھا۔ (۱۳) ابوظہبی کے شیخ زید بن سلطان النہیان جو متحدہ عرب امارات کے سربراہ ہیں۔ (۱۴) خراش بن امیہ خزاعیؓ۔ (۱۵) قتل ہوا۔ (۱۶) قبرص (۱۷) محمد حسین آزاد جو ۱۸۶۵ء میں گئے تھے۔ (۱۸) محمد ہارون المہتدی (۱۹) ۱۔ پشتو فارسی ۲۔ جرمن ۳۔ فرانسیسی اور ڈچ سرکاری زبانیں ہیں ۴۔ سنہالی ۵۔ انگریزی۔
(۲۰) سان مرینو۔ دنیا کی سب سے چھوٹی جمہوریہ۔

لڑکی والے

رشید احمد صدیقی ان دنوں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں شعبہ اردو کے صدر تھے۔ مقامی گرلز کالج کی پرنسپل نے رشید صاحب سے کہا کہ میرے کالج کی لڑکیاں یونیورسٹی کا شعبہ اردو دیکھنا چاہتی ہیں آپ کوئی مناسب وقت اور تاریخ بتا دیں تاکہ سہولت رہے۔ رشید احمد صدیقی نے مسکراتے ہوئے کہا وقت اور تاریخ لڑکی والے ہی طے کیا کرتے ہیں۔

نماز

نماز کی پابندی کیجئے اور اپنے گھر والوں کو بھی نماز کا پابند بنایئے

نماز تمام عبادتوں کی بنیاد، مومن کی معراج اور دین کا ستون ہے۔ نماز بری باتوں اور برے کاموں سے بچاتی ہے۔ آیئے ہم اس نعمت بے بہا سے خود کو اور اپنے اہل و عیال کو فیضیاب کریں۔

خدمت کا جداگانہ انداز

HOUSE OF HALAL MEAT

803 Danforth Avenue
Toronto, Ontario

Please Call ISMAIL At **461 2839**

ONTARIO'S FISH TESTING PROGRAM



اونٹاریو ماہی گیری کیلئے مشہور ہے۔ حکومت اونٹاریو مسلسل اس اہم ذرائع پر تحقیق و تجزیہ کر رہی ہے۔ اس قسم کی تحقیقات تقریباً ۱۲۰۰ دریاؤں اور جھیلوں پر مکمل ہو چکی ہیں۔

نتائج درج ذیل کتابچوں کی صورت میں شائع ہو چکے ہیں

GUIDE TO EATING ONTARIO SPORT FISH
Northern Ontario, Lake Superior, Lake Huron



GUIDE TO EATING ONTARIO SPORT FISH
Southern Ontario and the Great Lakes

NOW AVAILABLE FOR 1983.

You can get your free copies from your nearest office of the:

ONTARIO MINISTRY OF THE ENVIRONMENT
ONTARIO MINISTRY OF NATURAL RESOURCES
ONTARIO MINISTRY OF NORTHERN AFFAIRS

Copies are also available in vacation area Brewer's Retail Stores and LCBO Stores in June.

Ministry of the Environment
Hon. Keith C. Norton, Q.C., Minister

Ontario

Ministry of Natural Resources
Hon. Alan W. Pope, Minister

ASK US FOR THE WORLD.
روحانی سکون کی منزلیں
مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ مسلمانوں کے کاروانِ حیات کی روحانی منزلیں ہیں۔
M & J TRAVEL
1240 BAY ST., TORONTO, ONTARIO, CANADA M5R 2A7
TEL. (416) 960-8348 — 960-8475
ظہیر مودی یا محمد جاوید پال سے آج ہی رابطہ قائم کیجئے
فون نمبر 960-8348

اچھی زندگی گذارنے کے چند اصول

عنبر اروی

آج کل زمانہ اور وقت نازک ہے۔ اسی لئے مطمئن زندگی گزارنے کے لئے کچھ اصول اپنانے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ سب لوگوں کی عادات اور ذہن مختلف ہوتے ہیں۔ سب کی سوچ اپنی ہوتی ہے اس لئے سب انسانوں کے کچھ اصول ہونے چاہئیں۔ تاکہ نہ خود تکلیف میں ہوں اور نہ دوسروں کو اذیت پہنچے۔ مثال کے طور پر گھر کے تمام افراد جن کا آپس میں خونی رشتہ ہوتا ہے پھر بھی ذہنی مطابقت ہونا مشکل ہوتا ہے۔ گھر سے باہر ہزاروں لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ ہر جگہ کے ماحول میں توازن قائم رکھنے کے لئے کچھ باتوں اور اصولوں کو مدنظر رکھنا پڑتا ہے تاکہ وقت خوشگوار طریقے سے گزرتا جائے اور غلط فہمیاں شکوے شکایتیں پیدا نہ ہوں۔ اس کے لئے ہر انسان کو خود کو تبدیل کرنا ہوگا۔ خود کو بدلنا ہوگا۔ سب سے پہلے گھر یا باہر کے ماحول کو خوش گوار رکھنے کے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ بحث سے گریز کیجئے۔ بحث مذہبی ہو یا سیاسی یہ کبھی ختم نہیں ہوتی۔ بلکہ طول پکڑتی ہے اور نہ آپ ساری دنیا سے اپنا نقطہ نظر منوا سکتے ہیں۔ بحث کا انجام لڑائی ہوتا ہے۔ یہ نفرت اور غصے کو تیز کرتی ہے۔ جذبات کو بھڑکاتی ہے۔ میرا یہ مطلب نہیں ہے کہ غلط کو غلط نہ کہیں۔ دوسرے کو دلائل سے ضرور کوئی بات سمجھائیں۔ اپنا فرض ادا کریں لیکن ذرا احتیاط کے ساتھ کیونکہ لوگوں کی زبانیں بہت طاقت ور ہیں۔ فوراً لڑنے مرنے پر تیار ہو جاتے ہیں۔ زبان فساد کی جڑ ہے اس لئے اگر آپ سکون چاہتے ہیں تو کسی سے بحث مت کریں۔ اپنے کام سے کام رکھیں بلکہ بحث والی محفل سے بھی گریز کریں۔

دوسروں کے معاملات میں دخل اندازی

یہ ترسچ ہے کہ ہر انسان دنیا میں دوسرے کے لئے بنا ہے کہ ایک دوسرے کی مدد کریں۔ مصیبت میں ساتھ دیں۔ ایک دوسرے کو اچھے برے کی پہچان کرائیں۔ اچھی باتوں کا مشورہ دیں لیکن صرف اس حد تک کہ کوئی آپ سے مشورہ مانگے یا آپ کو اس قابل سمجھے تو آپ دخل اندازی کریں۔ روزمرہ ملنے والے لوگوں کے گھر کے حالات آپ کو معلوم نہیں ہوتے۔ ہر کوئی اپنا حق اور اپنی بہتری زیادہ جانتا ہے۔ اپنے معاملات کو خود زیادہ سمجھتا ہے۔ اس لئے ہو سکتا ہے کہ آپ کی بے جا دخل اندازی سے دوسرے کے دل کو تکلیف پہنچے۔ اس کے جذبات مجروح ہوں۔ اس لئے کوئی آپ کو معتبر بنائے تو ٹھیک ورنہ خاموشی اختیار کریں۔

نماز کی ادائیگی

اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے بہا نعمتوں سے نوازا ہے۔ ہم اس کا شکر بجا نہیں لا سکتے۔ لیکن ہم یہ تو کر سکتے ہیں کہ نماز جو اس نے ہم پر فرض کی ہے جوش اور محبت کے ساتھ ادا کریں۔ پانچوں وقت دنیا کے سارے کام چھوڑ کر اس کے دربار میں حاضری دیں۔ بچوں کو بھی بچپن سے نماز کی عادت ڈالنی چاہئے۔ نماز برے کاموں سے روکتی ہے۔ یہ ذریعہ نجات بھی ہے کسی کو بھی نماز کی ادائیگی میں کوتاہی نہیں کرنی چاہئے۔ خدا کے آگے سجدہ ریز ہوں گے تو فلاح پائیں گے۔

مصروفیت

ہر انسان کو کوئی نہ کوئی پریشانی یا غم ضرور ہوتا ہے۔ مصروفیات غم غلط کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔ جس قدر انسان مصروف ہوگا اسی قدر ذہن ہلکا ہوگا۔ پریشانی سے نجات ملے گی۔ خود کو زیادہ سے زیادہ مصروفیت رکھنے کی کوشش کیجئے۔ کام کیجئے۔ فارغ بیٹھنے سے انسان کو زنگ لگ جاتا ہے۔ سے دیمک کھا جاتی ہے۔ اس کے ذہن پر شیطان سوار رہتا ہے اور سوچیں لا ابالی ہو جاتی ہیں۔ مصروف انسان کو ان تمام باتوں کا وقت نہیں ملتا۔ اور انسان کسی پراگندہ خیالوں اور شیطانی منصوبوں سے بچتا رہتا ہے۔

تفریح

زندگی میں انسان کام کرتے کرتے تھک جاتا ہے۔ ذہن اور جسم اکتا جاتا ہے۔ اس تھکن کو دور کرنے کا بہترین ذریعہ تفریح ہے لیکن تفریح صحت مند اور ہماری معاشرتی اقدار کے مطابق ہونی چاہیے جو ذہن پر اچھے اور خوش گوار اثرات چھوڑے۔ جب کئی لوگ مل جل کر تفریح کرتے ہیں تو تازہ دم ہو جاتے ہیں۔ ایک دوسرے کے قریب ہونے کا موقع ملتا ہے۔ اس لئے کبھی کبھار چھوٹی بڑی تفریح ضرور ہونی چاہیے۔

صبر و تحمل

یوں تو ہر انسان اپنی تعریف کرتا ہے لیکن انسان کے ظرف اور صبر و تحمل کا پتہ اس وقت چلتا ہے جب اس کی خلاف مرضی کوئی بات ہو یا اس کا دل دکھایا جائے تو وہ درگزر کرے۔ صبر و تحمل سے کام لینے والے انسانوں کو خدا بھی پسند کرتا ہے۔ صرف باتیں نہ کریں۔ صبر کا عملی مظاہرہ کریں۔ صبر کرنے والا انسان ہمیشہ قناعت پسند اور شاکر ہوتا ہے۔

وقت کی قدر کریں

وقت کا ایک ایک لمحہ جو گزر رہا ہے یہ کبھی واپس نہیں آئے گا۔ زمانے کی رفتار بہت تیز ہے۔ وقت کو ضائع مت کریں خود وقت کی قدر کریں۔ اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کریں۔ فضول باتوں اور کاموں میں وقت ضائع نہ کیجئے۔ وقت کو مصرف میں لائیے۔ اگر ہم وقت کی قدر کریں گے تو یہ ہماری قدر کرے گا۔ ان تمام باتوں پر عمل کرنے سے یقیناً زندگی کافی حد تک سلجھ سکتی ہے اور انسان کئی برائیوں سے بچ سکتا ہے۔

سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کا کردار

سعودی حکومت کا پاکستانی زائرین سے کیا سلوک ہے اور جو پاکستانی بھائی وہاں کام کرتے ہیں ان کا رویہ کیا ہے؟ وہاں پاکستانی حضرات کے تعلقات آپس میں کیسے ہیں۔ کس طرح وہ ایک دوسرے کی حق تلفی کرتے ہیں۔ اگر لکھنے کی حد تک محدود ہو تو بہت کچھ لکھا جا سکتا ہے کہ وہاں پاکستانی حضرات در پردہ کس طرح جوئے خانہ وغیرہ چلاتے ہیں۔ میں نے اپنے بھائی بندوں پر بہت بڑا الزام لگایا ہے اور وہ بھی رجوع کرنے کے لئے اب انصاف و عدل آپ کے ہاتھ میں ہے۔ میری بات اگر جھوٹی ہے تو خداوند کریم مجھے جہنم واصل کرے گا اور اگر میری بات سچی ہے تو میری دعا ہے کہ جو پاکستانی حضرات سعودی عرب میں کالا دھندا کرتے ہیں خداوند کریم ان کو ذلیل اور رسوا کرے اور وہاں سے ان کا خروج لگ جائے۔ آمین ثم آمین۔

سعودی عرب میں ایک بات اور زیر بحث ہے کہ لوگ پاکستانی اخبارات میں تبدیلی نام کے اشتہار کیوں دیتے ہیں۔ پاکستان میں چھپنے والے کو اخبارات "حصول زر" کی پالیسی مد نظر رکھتے ہوئے ایسے اشتہار تو شائع کر دیتے ہیں لیکن ایسے جعلساز اور اشتہاری لوگ سعودی امیگریشن کے حکام سے مل کر جعلی اقامے اور دیگر جعلی کاغذات تیار کرتے ہیں۔ اشتہارات کے بعد پاکستانی سفارت خانہ مذکورہ شخص کا پاسپورٹ بدلنے میں بھی پیش نہیں کرتا کیونکہ وہاں "تعدد ثبوت" جعلی ہے۔ پاکستانی سفارت خانہ میں رشوت لینا جرم نہیں سمجھا جاتا۔ ہماری ... آفیسر بھی پیچھے نہیں ہے۔

معلوم پی آئی اے کے حکام بالا کا کیا علم ہے جدہ میں پی آئی اے کے چھوٹے اہل کار سے لے کر بڑے تک سب ریال کمانے کے چکر میں ہیں۔ جدہ سے روانگی سے قبل ہر پاکستانی کو اپنی نشست کی کنفرم کروانا ضروری ہے۔ جبکہ کئی متعدد چکر لگانے کے بعد بھی نہیں ہوتی۔ دفتر کے باہر معمولی اہل کار ... ریال دے کر ... کی حیثیت سے کوئی کراچی کا سفر اختیار کرتے ہیں۔ ... کے مطابق پی آئی اے کے ... اہل کار تمام کو بڑی رقم سے گھر ... بھیج رہے ہیں۔

(... رشید عارف)

Ontario Tax Grants For Senior Citizens

1983 Instalments are in the Mail

اونٹاریو ٹیکس گرانٹ برائے سینیئرز، ایک ایسا پروگرام ہے جو خاص طور پر اونٹاریو میں رہنے والوں کیلئے ہے جو ۶۵ سال یا اس سے بڑی عمر کے ہیں۔ اونٹاریو کی وزارت ریونیو ۱۹۸۳ء کا پانچ سو ڈالر گرانٹ جو ۲۵۰ ڈالر تک ہوگا کی پہلی قسط اور گرکی ہیٹنگ کا گرانٹ جو ... ڈالرز ہوگا ڈاک کر رہی ہے۔ یہ چیکس ۲۹ اپریل کو بذریعہ ڈاک کئے جا چکے ہیں۔

Who will receive it?

- اگر آپ ۶۵ سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں اور کسی مکان کے مالک یا کرایہ دار ہیں تو آپ پراپرٹی ٹیکس گرانٹ کے مستحق ہیں۔
- ۱۹۸۳ء کی قسط کا چیک ایسے سینیئرز کو میل کیا جا رہا ہے جو ۱۹۸۲ء کا پراپرٹی ٹیکس وصول کر چکے ہیں۔
- آپ کی مدد اس لئے کی جاتی ہے کہ آپ اپنے پراپرٹی ٹیکس یا کرایہ ادا کر دیں۔ موسم خزاں میں آپ کو فارم بذریعہ درخواست موصول ہوگی تاکہ آپ گرانٹ کا بقایا جات وصول کر سکیں۔

Who will not receive it?

بنیادی طور پر اگر آپ کو ۱۹۸۲ء کا پراپرٹی ٹیکس نہیں ملا ہے تو آپ موسم بہار کی قسط وصول نہیں کریں گے۔ خاص طور پر سینیئرز جو ...

- اگر آپ نرسنگ ہوم یا گھر برائے سینیئرز یا ایسی جگہ رہائش پذیر ہیں جسے ٹیکس سے چھوٹ دی گئی ہو تو آپ پراپرٹی ٹیکس گرانٹ کے مستحق نہیں۔
- اگر آپ ۳۱ دسمبر ۱۹۸۲ء کو ۶۵ سال کے ہوئے تھے (اور اس طرح گزشتہ سال آپ گرانٹ کے مستحق نہ ہو سکے) تو آپ کو موسم بہار کی قسط نہیں ملے گی۔ البتہ ۱۹۸۳ء کے بقیہ گرانٹ کیلئے آپ کو درخواست فارم بھیج دیا جائے گا۔

For more information call the Ministry's multilingual Information Centre

- In Metro Toronto– dial 965-8470
- In Area Code 416– dial 1-800-263-7700
- In Area Code 807– ask the Operator for Zenith 8-2000
- In all other areas– dial 1-800-263-3960

or write to:

Ministry of Revenue, Guaranteed Income and Tax Credit Branch
P.O. Box 624, 33 King St. W., Oshawa, Ontario, L1H 8H8

Ministry of Revenue
Ontario

George Ashe
Minister

T.M. Russell
Deputy Minister

TRANSLATED BY THIS PUBLICATION FROM TEXT PROVIDED BY THE ONTARIO MINISTRY OF REVENUE

Safeguard Your Family By Protecting Your Pets From Rabies

Bring your pets to the Scarborough

ANTI-RABIES VACCINATION CLINIC
FOR DOGS AND CATS

Saturday, May 14, 1983

2:00 p.m. to 5:00 p.m.

اپنی تقریبات کو یادگار بنائیے

ہر تقریب کی ویڈیو فلم بنوائیے

ہر چھوٹی بڑی تقریب کی ویڈیو فلم بنوانے کیلئے ہمیں خدمت کا موقع دیجیے۔

فلم بنانے کا معاوضہ صرف ۷۰ ڈالر ہے

آج ہی رابطہ قائم کریں

KAY'S ZOOM-IN

282-9573

(شام ۵ بجے کے بعد)

Ayesha's Food Service Catering

DELICIOUS HOMEMADE PAKISTANI & INDIAN CUISINE

Specializing in:
HALAL MEAT & VEGETARIAN DISHES
at very
LOW PRICES

AYESHA'S FOOD CATERING SERVICE

BASIC MENU:

#1:

$5.00 per person	o KORMA ("veal or chicken" made Lucknow, Delhi style)
	o BIRYANI ("veal or chicken", Hyderabadi style, Pakistani style or Plow)
	o YOGURT CHUTNEY
	o NAN OR PARATHA

#2:

$5.00 per person	o VEGETABLE DISH (salan - mild or hot)
	o VEGETABLE BIRYANI
	o YOGURT CHUTNEY
	o POTATO KEBAB
	o NAN OR PARATHA OR PUREE

AYESHA'S SPECIAL: - BASIC MENU #1 OR #2 WITH

$7.00 per person	o SALAN (Bagharay Baigan or Mirchi-Ka-Salan)
	o FEERNI (Sweet Dish)

FOR MORE INFORMATION AND LIST OF SPECIALIZED DISHES
PLEASE CONTACT AYESHA AT:

273-4110 - DAYTIME
276-6949 - EVENINGS

NOTE: FOR WEDDINGS AND BIG PARTIES WE CATER AND SERVE AT VERY REASONABLE RATES.

میاں بیوی میں طلاق کیوں ہوتی ہے

* میاں بیوی کے درمیان طلاق ہونے کے عام اسباب اور اس کے بارے میں چند ماہرین نفسیات کے مشوروں کے ضمن میں چند مفید باتیں ملاحظہ ہوں۔

* کبھی کم عمری میں شادی نہ کریں پہلے یقین کر لیں کہ آپ نے خود کو جذباتی طور پر والدین سے الگ کر لیا ہے اور آپ نئی زندگی کا آغاز کرنے کو تیار ہیں اگر آپ نے کم عمری میں شادی کر لی تو اپنے انحصار کے لئے کوئی نعم البدل ڈھونڈ کر اس پر انحصار کرنے لگیں گی، آپ کو کبھی خود انحصاری کی عادت نہیں پڑے گی۔

* اگر آپ شادی سے پہلے یہ سوچنا شروع کر دیں کہ شادی کے بعد حالات کیسے ہوں گے تو آپ کے مسئلے کا نصف حل مل جائیگا اکثر جوڑے اس بات پر غور نہیں کرتے کہ باہمی تعلقات کو کس طرح کامیاب بنایا جائے۔

* شادی میں ناکامی کی ایک وجہ باہمی تعلقات میں جوش کا فقدان ہے اگر آپ کے شوہر کے جذبات سرد ہو گئے ہیں تو یہ خطرے کی گھنٹی ہے

* شادی کا آغاز اعتماد کے رشتے سے کریں اس کے بغیر جوڑے ایک دوسرے کو بہتر طور پر نہیں سمجھ سکتے

* باہمی اختلافات سے سمجھوتہ کرنا سیکھیں اکثر جوڑے اختلاف رائے پر ایک دوسرے پر بازی لینا چاہتے ہیں بجائے اس کے کوئی اتفاق کا کوئی حل تلاش کریں۔

* خود سے یہ طے کر لیں کہ شادی کے بعد آپ کو کیا کردار ادا کرنا ہے مثلاً روایتی انداز میں شادی کے بعد یہ ہوتا ہے کہ شوہر کام پر جاتا ہے اور بیوی گھر پر رہتی ہے ایسے میں دونوں کو اپنی اپنی ذمہ داریاں نبھانی چاہئیں یا اگر بیوی بھی کام پر جاتی ہے تو دونوں کو گھر یلو ذمہ داریاں بانٹ لینی چاہئیں۔

شادی سے پہلے یوں لگتا ہے کہ یہ ایک ہی شخص ہے جس کی خاطر ساری دنیا کو چھوڑا جا سکتا ہے شادی کے بعد ترجیحات آہستہ آہستہ بدلنے لگتی ہیں، یہیں سے کشیدگی کا آغاز ہوتا ہے

* باہمی محبت کافی نہیں ہے آپ میں اتنی صلاحیت ہونی چاہیئے کہ شادی شدہ زندگی میں پیدا ہونے والے مسائل سے نباہ کر سکیں۔

* کامیاب ترین شادیاں وہ ہیں جن میں میاں بیوی ایک دوسرے کے بہترین دوست ہیں۔

* اپنی شادی میں والدین کے قرضے باقی ہیں میاں بیوی یہ طے کر لیں کہ وہ دونوں کے والدین کے ساتھ خوش اسلوبی سے پیش آئیں۔

VISIT US FOR best quality

INDIAN GROCERIES, FRESH VEGETABLES, NUTS, SPICES ETC.

Pirpi's Dixieland Market

1108 PHARMACY AVE. (AT LAWRENCE) SCARBOROUGH.

PHONE: 759-0473

need business help?

ONTARIO'S YOUTH IS READY TO WORK

This summer, to get extra work done in your business, hire a young person. Ontario's youth is ready to work, and Ontario will help you pay their wages.

If you can create new work for people aged 15 to 24 this summer, Ontario will pay you $1.25 an hour, to a maximum of $50 a week, towards each salary. The maximum grant allows for 4,000 hours of help at each location where you would like to hire.

It's The Ontario Youth Employment Program – OYEP

You are eligible for OYEP if:

- You have actively operated a business or farm in Ontario for at least one year prior to April 11, 1983.
- You can provide 25 to 40 hours of supervised work a week for between 8 and 20 consecutive weeks.
- You can create new work, in addition to what they would normally provide, between April 11 and October 16.

OYEP is a popular program. Funds are limited so apply as soon as possible.

Deadline for applications is June 10, 1983 or earlier if all funds have been allocated.

For complete guidelines, an application or more information contact or ask employers to contact:

OYEP
Ministry of Municipal Affairs and Housing
Subsidies Branch
Queen's Park
Toronto, Ontario
M7A 2R8

Employees are eligible under OYEP if:

- They are between the ages of 15 and 24
- They reside and are eligible to work in Ontario
- They are not related to the employer

Last year OYEP helped Ontario farmers and businesses hire more than 50,000 young people.

THE ONTARIO GOVERNMENT – WORKING TO HELP PEOPLE

Ministry of Municipal Affairs and Housing

Ontario

Claude Bennett, Minister
William Davis, Premier

خدمت اسلام کے لئے پاکستان جانا چاہتا ہوں

محمد علی

[illegible] PRAYER [illegible] ALISLAM [illegible]

[illegible]

میرا شوہر مجھے بدکاری پر مجبور کرتا ہے

میرے سامنے معصوم لڑکیوں کی عزت لٹتا ہے

[illegible]

گاندھی کی بہو نے فلم گاندھی دیکھنے سے انکار کر دیا

[illegible]